# 11619- ہم نماز جمع کیوں نہیں کرتے ؟

## سوال

ہم ہر نماز علیحدہ کیوں ادا کرتے ہیں جمع کیوں نہیں کرتے ؟

مجھے علم ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز جمع بھی کی اور علیحدہ علیحدہ بھی ادا کی، اور پھر عرفہ کے دن ہم نماز جمع کرتے ہیں، تو باقی ایام میں ہم نماز جمع کیوں نہیں کرتے ؟

## پسندیدہ جواب

آپ کا یہ سوال
بہت خطرناک ہے، اس کی خطرناکی پر متنبہ ہونا ضروری ہے، کیونکہ یہ سوال سب شرعی
احکام کے بارہ میں ہو سکتا ہے، کوئی کہنے والا یہ کہے :

پورے ماہ کے مسلسل ( رمضان المبارک )
روزے کیوں رکھنے لازم کیے گئے ہیں، ہم اسے پورے سال کے ایام میں کیوں تقسیم نہیں
کرتے ؟

اور حج کی ادائیگی مخصوص وقت میں کیوں
ہوتی ہے، جس میں لوگوں کا ازدہام ہوتا ہے، اس لیے ہم اسے سارا سال کیوں نہیں کرتے ؟

اور اس طرح بہت سے سوال پیدا ہونگے
جو اللہ تعالی اور اس کے حکم پر اعتراض پر دلالت کریں گے.

میرے بھائی کیا آپ کو علم ہے کہ اللہ
سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{یقینا نماز مومنوں پر وقت مقررہ میں
فرض کی گئی ہے}.

یعنی نماز اوقات میں فرض ہے، جو اوپر
بیان ہوا ہے اسے سمجھیں، اللہ تعالی سے میری دعاء ہے کہ وہ آپ کو ہدایت نصیب فرمائے
اور آپ کے دل کی اصلاح فرمائے.

الشیخ سعد الحمید

اسلام اللہ تعالی کے سامنے سر تسلیم
خم کرنے اور اس کی اطاعت کرنے اور اللہ تعالی کے احکامات پر اعتراض نہ کرنے کا نام
ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{اور کسی مومن مرد و عورت کو اللہ
تعالی اور اس کے رسول کے فیصلہ کے بعد اپنے کسی امر کا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا
}.الاحزاب (36).

اور نماز کے اوقات کے متعلق اللہ
تعالی کا فرمان ہے :

.{یقینا مومنوں پر نماز وقت مقررہ پر
فرض کی گئی ہے }.النساء (103)

اور نماز پنجگانہ کے اوقات قولی اور
فعلی وحی میں نازل ہوئے ہیں، اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کو اپنی
زندگی میں اسی طرح ادا کیا اور صرف سفر اور تنگی کے وقت ہی جمع کیا ہے.

ہم آپ کو یہ بھی تنبیہ کرنا چاہتے
ہیں کہ کچھ بدعتی لوگ ظہر اور عصر کی نماز جمع کرنا کا بھی کہتے ہیں، اور اسی طرح
مغرب اور عشاء بھی مقیم ہوتے ہوئے بغیر کسی سبب کے جمع کرتے اور اس کی دعوت دیتے
ہیں، آپ کو ایسے لوگوں سے احتراز کرنا اور بچنا چاہیے، ان کے ساتھ نہ اٹھیں بیٹھیں
اور انہیں اپنا دوست مت بنائیں، ان سے بچ کر رہیں کہیں وہ آپ کو دین کے متعلق فتنہ
میں نہ ڈال دیں.

اللہ تعالی سے ہماری دعاء ہے کہ وہ
آپ کو توفیق اور سیدھا راہ نصیب فرمائے.

واللہ اعلم.